مانچسٹر موو تبدیل ہو رہی ہے

مانچسٹر موو (Manchester Move) کا نظام 2011 میں شروع ہوا تھا۔ تب سے کرائے کیلئے مکانوں کی تعداد کم پڑتی جا رہی ہے۔ بے گھر افراد کی تعداد میں اضافے کے باعث بہت سارے لوگ اس امید سے مانچسٹر موو کے ساتھ رجسٹر ہوئے تاکہ اُنہیں کوئی مکان مل پائے۔

کونسل اور مانچسٹر موو قوانین اور ضوابط کو تبدیل کر رہے ہیں تاکہ زیادہ لوگوں کو مکان ملنے کا موقع مل سکے۔

نئے قوانین کا آغاز 3 نومبر 2020 سے ہوگا۔

نئی سکیم کے قوانین کا اطلاق سب پر ہوگا۔

جن لوگوں نے مانچسٹر موو کے ساتھ درخواست دے رکھی ہو اُنہیں نئی درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

بعض لوگوں سے شاید اضافی معلومات مانگی جائیں تاکہ اُن کی درخواست کو ترجیحی بنیاد پر رکھا جا سکے۔

درخواستوں کی تجدید کرتے رہنا اہم ہے لہٰذا ہم سب سے گزارش کریں گے کہ وہ اپنی دی گئی معلومات کو چیک کر لیا کریں کہ وہ درست اور تازہ ترین ہیں۔

کونسل اور اُس کے شرکاء نئے مکانات تعمیر کر رہے ہیں لیکن اُنہیں مکمل ہونے میں وقت لگے گا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ لوگ اپنے رہائشی انتخابات کے بارے حقیقت پسندانہ سوچ رکھیں۔

مکان کیلئے نام لکھوانے کے بارے میں مانچسٹر موو پر بہت اچھا مشورہ دیا گیا ہے اور یہ کہ رہائش [مکان] کیلئے اور کیا کچھ طریقے اپنائے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو مانچسٹر موو پر درخواست کے بارے کوئی پیغام ملے تو براہِ کرم اُس دفتر سے رابطہ کریں جو آپ کی درخواست سے نمٹ رہا ہو۔ اُس کی تفصیلات "مانچسٹر موو میں خوش آمدید" نامی اُس خط میں درج ہیں جو آپ کو اپنی درخواست جمع کراتے وقت دیا گیا تھا۔